DAILY DUNYA ISLAMABAD www.dunya.com.pk

بانی ایڈیٹر انچیف
میاں عامر محمود

روزنامہ دنیا
اسلام آباد

SATURDAY, MARCH 18, 2023

جلد نمبر 29 | ہفتہ، 25 شعبان 1444ھ 18 مارچ 2023ء 5 چیت 2080ب | شمارہ 16

فون نمبر: 051-2891830۔ فیکس نمبر 051-2891814 | صفحات 10 قیمت 20 روپے

# وفاقی محتسب عوام کو اپنے کردار سے آگاہ کرے، عارف علوی

## ادارہ کا دائرہ کار دور دراز علاقوں تک پھیلایا جائے، وفاقی محتسب سے بات چیت

## صدر کا انڈونیشین صدر کو خط، پاکستانی سرمایہ کار کے معاملے پر توجہ کی درخواست

اسلام آباد (سیاسی رپورٹر، نامہ نگار) صدر عارف علوی نے سرکاری اداروں کی بدانتظامی کے خلاف تیز اور سستے انصاف کی فراہمی میں وفاقی محتسب کے کردار سے عوام کو آگاہ کرنے کے لیے بھرپور مہم چلانے کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ لوگوں کی شکایات کو ان کی دہلیز پر حل کرنے کے سلسلے میں وفاقی



اسلام آباد: صدر عارف علوی کو وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی سالانہ رپورٹ پیش کرتے ہوئے

محتسب کی استعداد کو بڑھاتے ہوئے ملک کے دور دراز علاقوں تک اس کی رسائی کو وسعت دی جائے، سرکاری اہلکاروں کے ہاتھوں زیادتیوں اور ناانصافیوں کا شکار لوگوں کو فوری ریلیف فراہم کیا جانا چاہیے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی سے گفتگو کرتے ہوئے کیا جنہوں نے ایوان صدر میں ان سے ملاقات کی اور ادارے کی سالانہ رپورٹ 2022 پیش کی۔ علاوہ ازیں صدر علوی نے انڈونیشیا کے صدر اور عوام کیلئے نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہوئے انڈونیشیا میں پاکستانی سرمایہ کار کے معاملے پر جلد پیش رفت کیلئے انڈونیشیا کے صدر کی ذاتی توجہ کی درخواست کی ہے۔ ایوان صدر کے مطابق صدر نے انڈونیشیا کے صدر کو لکھے گئے خط میں کہا کہ پاکستان اور انڈونیشیا قریبی دوست ہیں، انہوں نے انڈونیشیا کے صدر سے انڈونیشیا میں پاکستانی سرمایہ کار ملک آصف کو کاروباری معاملات میں مشکلات پیش آنے پر مدد فراہم کرنے کا کہا۔

راولپنڈی/اسلام آباد، پشاور، لاہور، کراچی، کوئٹہ، ملتان، فیصل آباد اور سرگودھا سے اشاعت کے لیے منظور شدہ

The Daily 92 News

786/92

روزنامہ 92 نیوز اسلام آباد

ایڈیٹر انچیف محمد حیدر امین

قیمت 20 روپے

صفحات 10

SATURDAY, MARCH 18, 2023

جلد 7 | ہفتہ 25 شعبان المعظم 1444ھ 18 مارچ 2023ء 5 چیت 2079ب | شمارہ 180

# 2022ء وفاقی محتسب نے ایک لاکھ 57 ہزار 770 شکایات کے فیصلے کئے، رپورٹ صدر مملکت کو پیش

## گزشتہ سال 164174 شکایات موصول ہوئیں، ادارے نے اضافی بجٹ، سٹاف حاصل کئے بغیر 50 فیصد زیادہ شکایات نمٹائیں

## اوورسیز پاکستانیوں کی 137423 شکایات کا بھی ازالہ کیا: وفاقی محتسب اعجاز قریشی، صدر علوی نے انصاف کی فراہمی کو سراہا

اسلام آباد (خبر نگار خصوصی) وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے صدر ڈاکٹر عارف علوی سے ایوان صدر میں ملاقات کر کے ان کو اپنے ادارے کی سالانہ رپورٹ برائے سال 2022ء پیش کر دی ہے۔ وفاقی محتسب نے صدر پاکستان کو سال 2022ء کے دوران موصول ہونے والی شکایات، فیصلوں اور اٹھائے گئے اہم اقدامات کے بارے میں بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ اس دوران ایک لاکھ 64 ہزار 17 شکایات موصول (باقی صفحہ 4 نمبر 39)



اسلام آباد: صدر عارف علوی کو وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی سالانہ رپورٹ پیش کر رہے ہیں

**بقیہ | وفاقی محتسب | 39**

شکایات موصول ہوئیں اور ایک لاکھ 57 ہزار 770 شکایات کے فیصلے کئے گئے۔ صدر پاکستان سے ملاقات کے بعد وفاقی محتسب نے بتایا کہ صدر نے وفاقی محتسب کے ادارے کی بہترین کارکردگی کو سراہتے ہوئے کھلی کچہریوں اور آئی آر ڈی پروگرام کو مزید وسعت دینے کی ہدایت کی اور وفاقی محتسب کے دائرہ کار کو ملک کے دیگر دور دراز اور کم ترقی یافتہ علاقوں تک پھیلانے کی خواہش کا اظہار کیا اور اس سلسلے میں جدید ٹیکنالوجی اور ابلاغ کے جدید ذرائع کو استعمال کرنے کی ہدایت کی ہے تاکہ زیادہ سے زیادہ لوگ اس ادارے سے استفادہ کر سکیں۔ صدر عاف علوی نے وفاقی سرکاری اداروں کی بدانتظامی کے خلاف وفاقی محتسب کے فیصلوں پر عملدرآمد کی صورتحال کو تسلی بخش قرار دیتے ہوئے کہا کہ شکایات کی تعداد میں اضافہ وفاقی محتسب کے ادارے پر عوام کے اعتماد کا مظہر ہے۔ صدر مملکت نے کہا کہ وفاقی محتسب کے ادارے کے کام میں تیزی سے ہوتے ہوئے اضافے کے پیش نظر اس کے وسائل میں بھی خاطر خواہ اضافے کی ضرورت ہے۔ رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ 70,571 شکایات آن لائن موصول ہوئیں جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ شکایت کنندگان اب جدید ٹیکنالوجی کا بھرپور استعمال کر رہے ہیں۔ وفاقی محتسب نے صدر پاکستان کو بتایا کہ سال 2022ء کے دوران اضافی بجٹ اور سٹاف حاصل کئے بغیر 50 فیصد زیادہ شکایات نمٹائی گئیں جو ہمارے افسران اور سٹاف کی محنت اور کام سے لگن کا بین ثبوت ہے۔ رپورٹ میں بتایا گیا کہ بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کے مسائل کے حل کے لئے وفاقی محتسب میں قائم کئے گئے شکایات کمشنر سیل کی طرف سے گزشتہ برس 137,423 اوورسیز پاکستانیوں کی شکایات کا ازالہ کیا گیا جو کہ سال 2021ء کے مقابلے میں 133 فیصد زیادہ ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ تقریباً 3.4 ارب روپے مالیت کے تنازعات وفاقی محتسب کے ذریعے حل کئے گئے جس سے عدالتوں کا بوجھ کم ہوا بصورت دیگر یہ مقدمات بھی عدالتوں میں جانے تھے۔ وفاقی محتسب نے صدر مملکت کو ان نئے اقدامات کے بارے میں بھی بتایا جو سال 2022ء کے دوران اٹھائے گئے جن میں معائنہ ٹیموں کے ذریعے سرکاری اداروں کے دورے، آئی آر ڈی پروگرام کے تحت تنازعات کا غیر رسمی حل، کھلی کچہریوں کا انعقاد اور دو نئے ذیلی دفاتر کا قیام شامل ہیں۔ وفاقی محتسب نے ان اقدامات کے بارے میں بھی صدر پاکستان کو آگاہ کیا جو ملک کے دور دراز اور پسماندہ علاقوں میں بسنے والے شہریوں کی شکایات کے ازالے کے لئے اٹھائے گئے۔ انہوں نے بتایا کہ وفاقی محتسب کے انوسٹی گیشن افسران ملک کے دور دراز علاقوں اور چھوٹے قصبوں میں خود جا کر عام شہریوں کو انصاف فراہم کر رہے ہیں۔ علاوہ ازیں وفاقی حکومت کے 183 اداروں کو وفاقی محتسب کے کمپیوٹرائزڈ نظام کے ساتھ منسلک کیا گیا ہے، یوں اگر کوئی شکایت کسی وفاقی ادارے میں تیس دن کے اندر نہیں نمٹائی جاتی تو وہ ایک خودکار نظام کے تحت وفاقی محتسب کے سسٹم میں منتقل ہو جاتی ہے اور اس پر وفاقی محتسب سیکرٹریٹ میں کارروائی شروع ہو جاتی ہے۔ وفاقی محتسب کے 19 علاقائی دفاتر ہر وقت شکایت کنندگان کی شکایات کے ازالے کے لئے مستعد رہتے ہیں۔

DAILY EXPRESS

روزنامہ ایکسپریس اسلام آباد

SATURDAY, MARCH 18, 2023

پاکستان کے 11 شہروں سے بیک وقت شائع ہونے والا واحد اخبار

جلد 22 شمارہ 290 | ہفتہ، 25 شعبان المعظم، 18 مارچ 2023ء، صفحات 10 قیمت 20 روپے


# وفاقی محتسب کی رسائی دور دراز علاقوں تک بڑھائی جائے: صدر

## سرکاری اہلکاروں کے ہاتھوں زیادتیوں کے شکار لوگوں کو فوری ریلیف ملنا چاہیے

اسلام آباد (اے پی پی) صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی نے سرکاری اداروں کی بدانتظامی کیخلاف تیز اور سستے انصاف کی فراہمی میں وفاقی محتسب کے کردار سے عوام کو آگاہ کرنے کے لیے بھرپور مہم چلانے کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ لوگوں کی شکایات (باقی صفحہ 7 نمبر 9)

### 9 صدر علوی

کو ان کی دہلیز پر حل کرنے کے سلسلے میں وفاقی محتسب کی استعداد کو بڑھاتے ہوئے ملک کے دور دراز علاقوں تک اس کی رسائی کو وسعت دی جائے، سرکاری اہلکاروں کے ہاتھوں زیادتیوں اور ناانصافیوں کا شکار لوگوں کو فوری ریلیف فراہم کیا جانا چاہیے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے وفاقی محتسب پاکستان اعجاز احمد قریشی سے گفتگو کرتے ہوئے کیا جنہوں نے ایوان صدر میں ان سے ملاقات کی اور ادارے کی سالانہ رپورٹ 2022 پیش کی۔ اعجاز احمد قریشی نے صدر مملکت کو سال 2022 کے دوران سرکاری اداروں کی بدانتظامی کیخلاف لوگوں کو انصاف کی فراہمی میں وفاقی محتسب کے کردار اور کامیابیوں کے بارے میں بتایا۔ دوسری جانب صدر علوی نے انڈونیشیا کے صدر اور عوام کیلئے نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہوئے انڈونیشیا میں پاکستانی سرمایہ کار کے معاملے پر جلد پیش رفت کیلئے انڈونیشیا کے صدر کی ذاتی توجہ کی درخواست کی۔ صدر نے انڈونیشیا میں پاکستانی سرمایہ کار ملک محمد آصف کو کاروباری معاملات میں مشکلات پیش آنے پر مدد فراہم کرنے کا کہا۔ خط میں کہا گیا کہ ملک محمد آصف انڈونیشیا کے حکام کو پاکستانی سفارت خانے کے ذریعے اپنی شکایت جمع کرا چکے تاہم معاملہ ابھی حل طلب ہے۔

SATURDAY, MARCH 18, 2023

Registered ID 174

قسم ہے قلم کی اور جو کچھ لکھتے ہیں، القرآن

ABC CERTIFIED

اسلام آباد، پشاور، لاہور، ملتان، رحیم یار خان، مظفرآباد، کراچی، فرینکفرٹ، لندن اور گلگت بلتستان سے روزانہ شائع ہونیوالا پہلا اردو اخبار

E-mail:ausaf@dsl.net.pk

اعلیٰ صحافتی اوصاف کا علمبردار

http://www.dailyausaf.com

روزنامہ اوصاف اسلام آباد

DAILY AUSAF ISLAMABAD

چیف ایڈیٹر: مہتاب خان

ایڈیٹر: محسن بلال خان

جلد: 25 | ہفتہ 25 شعبان المعظم 1444ھ 18 مارچ 2023ء 2 چیت 2079ب صفحات 10 قیمت 20 روپے | شمارہ: 89




صدر علوی کو وفاقی محتسب اعجاز احمد سالانہ رپورٹ پیش کر رہے ہیں

# صدر مملکت کو وفاقی محتسب کی سال 2022ء کی رپورٹ پیش

## وفاقی محتسب اداروں کی بدانتظامی کیخلاف آگاہی مہم تیز کرے، عارف علوی

اسلام آباد (وقائع نگار) صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی کو وفاقی محتسب کی سال 2022ء کی سالانہ رپورٹ وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے پیش کی۔ صدر (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 45)

اوصاف | رپورٹ پیش | 45

مملکت ڈاکٹر عارف علی کہا کہ وفاقی محتسب حکومتی اداروں کی بدانتظامی کے خلاف تیز اور سستے انصاف کی فراہمی میں اپنے کردار کے بارے میں آگاہی مہم تیز کرے۔ ترجمان کے مطابق وفاقی محتسب کی استعدادِ کار بڑھانے، عوامی شکایات کو دہلیز پر حل کرنے کیلئے ملک کے دور دراز علاقوں تک رسائی بڑھانے کی ضرورت ہے، حکومتی اہلکاروں کے ہاتھوں زیادتیوں اور ناانصافیوں کا شکار لوگوں کو فوری ریلیف فراہم کیا جائے، وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے سال 2022 کے دوران سرکاری اداروں کی بدانتظامی کے خلاف انصاف کی فراہمی میں وفاقی محتسب کے کردار کے بارے میں بتایا۔ وفاقی محتسب کو 2021ء میں 398,110 شکایات کی نسبت 2022ء میں 174,164 شکایات موصول ہوئیں۔

DAILY NAWA-I-WAQT
RAWALPINDI
ISLAMABAD

روزنامہ نوائے وقت

18th March, 2023

Page No Back Page

# وفاقی محتسب کی استعداد بڑھائی، دور دراز علاقوں تک وسعت دی جائے، عارف علوی

## سرکاری اہلکاروں کے ہاتھوں زیادتیوں اور ناانصافیوں کا شکار لوگوں کو فوری ریلیف فراہم کیا جانا چاہیے

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی نے سرکاری اداروں کی بدانتظامی کے خلاف تیز اور سستے انصاف کی فراہمی میں وفاقی محتسب کے کردار سے عوام کو آگاہ کرنے کے لیے بھرپور مہم چلانے کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ لوگوں کی شکایات کو ان کی دہلیز پر حل کرنے کے سلسلے میں وفاقی محتسب کی استعداد کو بڑھاتے ہوئے ملک کے دور دراز علاقوں تک اس کی رسائی کو وسعت دی جائے، سرکاری اہلکاروں کے ہاتھوں زیادتیوں اور ناانصافیوں کا شکار لوگوں کو فوری ریلیف فراہم کیا جانا چاہیے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے وفاقی محتسب پاکستان اعجاز احمد قریشی سے گفتگو کرتے ہوئے کیا جنہوں نے جمعہ کو یہاں ایوان صدر میں ان سے ملاقات کی اور ادارے کی سالانہ رپورٹ 2022 پیش کی۔ اعجاز احمد قریشی نے صدر مملکت کو سال 2022 کے دوران سرکاری اداروں کی بدانتظامی کے خلاف لوگوں کو انصاف کی فراہمی میں وفاقی محتسب کے کردار اور کامیابیوں کے بارے میں بتایا۔ انہوں نے بتایا کہ ان کے ادارے کو 2021 میں 110,398 شکایات کے مقابلے میں 2022 میں 164,174 شکایات موصول ہوئیں۔ وفاقی محتسب نے 2021 میں 106,732 شکایات کے مقابلے 2022 میں 157,770 شکایات کا ازالہ کیا جو 50 فیصد زیادہ ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ شکایات کی تعداد میں غیر معمولی اضافہ اور مقدمات کو تیزی سے نمٹائے جانے سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ لوگ محتسب کے ادارے پر بھروسہ کرتے ہیں جو انہیں فوری اور سستا انصاف فراہم کر رہا ہے۔ وفاقی محتسب نے اس بات پر روشنی ڈالی کہ اوورسیز پاکستانیوں کی شکایات کے ازالے کے لیے پاکستان کے تمام بین الاقوامی ہوائی اڈوں پر ون ونڈو فیسیلی ٹیشن ڈیسک قائم کیے گئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ 2022 کے دوران حکومت کے متعلقہ اداروں بشمول نادرا، پاسپورٹ آفس، او پی ایف وغیرہ کی جانب سے 137,647 سمندر پار پاکستانیوں کو سہولتیں فراہم کی گئیں۔ انہوں نے کہا کہ وفاقی محتسب نے دور دراز علاقوں میں شکایت کنندگان کو ان کی دہلیز پر فوری ریلیف فراہم کرنے کے سلسلے میں میرپور خاص، خضدار اور سوات کے ساتھ ساتھ سابق قبائلی علاقوں کرم اور جنوبی وزیرستان میں دفاتر قائم کیے ہیں۔ وفاقی محتسب نے صدر مملکت کو تنازعات کے غیر رسمی حل اور کھلی کچہریوں سے متعلق اپنے خصوصی اقدامات سے آگاہ کیا تاکہ عام لوگوں کو بہتر خدمات کی فراہمی کو یقینی بنایا جا سکے۔ انہوں نے مزید کہا کہ جب شکایت کنندگان کی درخواست پر آن لائن شکایات سننے کا اہتمام بھی کیا گیا ہے جس کے نتیجے میں آن لائن شکایات کی وصولی میں 97 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ محتسب کا ادارہ اپنی رسائی اور استعداد کو مزید بڑھانا چاہتا ہے لیکن اس ضمن میں مالی مشکلات کا سامنا ہے۔ وفاقی محتسب نے صدر مملکت کو یہ بھی بتایا کہ انٹیگریٹڈ کمپلینٹ ریزولوشن (آئی سی آر) سسٹم کے تحت، محتسب نے شکایات کو فوری نمٹانے کے لیے وفاقی حکومت کے 183 مختلف اداروں کو منسلک کیا ہے۔ صدر مملکت نے عام آدمی کو فوری اور مفت انصاف فراہم کرنے کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے محتسب سے کہا کہ وہ جدید آئی سی ٹی ٹولز کا استعمال کرتے ہوئے اپنی رسائی میں اضافہ کریں اور میڈیا کے ذریعے اس کے افعال اور خدمات کے بارے میں آگاہی پیدا کریں۔ صدر مملکت نے خدمات کی فراہمی اور ملک میں قانون کی حکمرانی کو بہتر بنانے کے سلسلے میں محتسب کی بہترین کارکردگی کو سراہا۔ انہوں نے وفاقی محتسب کو ادارے کو مزید مضبوط بنانے اور انتظامی احتساب کے ایک اہم ادارے کے طور پر اس کے رتبہ کو بڑھانے میں اپنے مکمل تعاون کا یقین دلایا۔

لاہور، راولپنڈی، اسلام آباد، کراچی، پشاور، گوجرانوالہ، فیصل آباد اور سرگودھا سے بیک وقت شائع ہونے والا قومی اخبار

Daily Nai Baat

روزنامہ نئی بات اسلام آباد

چیف ایڈیٹر پروفیسر چوہدری عبدالرحمٰن

| جلد 12 | ہفتہ 25 شعبان المعظم 1444ھ 18 مارچ 2023ء 4 چیت 2080 بکرمی | صفحات 10 | قیمت 20 روپے | شمارہ 36 |
|---|---|---|---|---|
| | www.naibaat.com e-mail: nb@naibaat.com | | | |

Saturday 18 March 2023



صدر مملکت عارف علوی کو وفاقی محتسب سالانہ کارکردگی رپورٹ پیش کر رہے ہیں

## وفاقی محتسب کو دور دراز علاقوں تک وسعت دی جائے: صدر علوی

### سرکاری اداروں کی بدانتظامی کیخلاف تیز اور سستے انصاف کی فراہمی کی ضرورت

### صدر کی انڈونیشین ہم منصب سے پاکستانی سرمایہ کار معاملے پر توجہ کی درخواست

اسلام آباد (اے پی پی) صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی نے سرکاری اداروں کی بدانتظامی کے خلاف تیز اور سستے انصاف کی فراہمی میں وفاقی محتسب کے کردار سے (صفحہ 3 پر بقیہ نمبر 31)

نئی بات | صدر علوی | 31

عوام کو آگاہ کرنے کے لیے بھرپور مہم چلانے کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ لوگوں کی شکایات کو ان کی دہلیز پر حل کرنے کے سلسلے میں وفاقی محتسب کی استعداد کو بڑھاتے ہوئے ملک کے دور دراز علاقوں تک اس کی رسائی کو وسعت دی جائے۔ سرکاری اہلکاروں کے ہاتھوں زیادتیوں اور ناانصافیوں کا شکار لوگوں کو فوری ریلیف فراہم کیا جا رہا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے وفاقی محتسب پاکستان اعجاز احمد قریشی سے گفتگو کرتے ہوئے کیا جنہوں نے صدر کو یہاں ایوان صدر میں ان سے ملاقات کی اور ادارے کی سالانہ رپورٹ 2022 پیش کی۔ اعجاز احمد قریشی نے صدر مملکت کو سال 2022 کے دوران سرکاری اداروں کی بدانتظامی کے خلاف لوگوں کو انصاف کی فراہمی میں وفاقی محتسب کے کردار اور کامیابیوں کے بارے میں بتایا۔ میرپور خاص، خضدار اور سوات کے ساتھ ساتھ سابق فاٹا کے علاقوں کرم اور شمالی وزیرستان میں دفاتر قائم کیے گئے ہیں۔ ایوان صدر کے پریس ونگ کے مطابق صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی نے انڈونیشیا کے صدر کے نام خط ارسال کیا ہے جس میں صدر مملکت نے انڈونیشیا کے صدر سے انڈونیشیا میں پاکستانی سرمایہ کار ملک محمد آصف کو کاروباری معاملات میں مشکلات پیش آنے پر مدد فراہم کرنے کا کہا۔ خط میں کہا گیا کہ ملک آصف انڈونیشیا کے حکام کو پاکستانی سفارت خانے کے ذریعے اپنی شکایات درج کرا چکے تاہم معاملہ ابھی حل طلب ہے۔ ملک آصف نے صدر مملکت سے انڈونیشیا کے صدر کی توجہ دلانے اور متعلقہ فریقوں پر معاملہ حل کرانے کیلئے درخواست کی تھی۔

اسلام آباد، راولپنڈی، لاہور، گوجرانوالہ، ملتان اور کراچی سے بیک وقت اشاعت

www.jehanpakistan.pk

ABC CERTIFIED

روزنامہ جہان پاکستان اسلام آباد

SATURDAY 18 MARCH 2023 LOCAL

جلد 11 | ہفتہ 25 شعبان المعظم 1444ھ 18 مارچ 2023ء 2079 بکرمی | شمارہ 18 | صفحات 10 | قیمت 20 روپے



اسلام آباد: صدر ڈاکٹر عارف علوی کو وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی سالانہ رپورٹ پیش کر رہے ہیں

## "157770 شکایات نمٹا گئیں"

## صدر کو وفاقی محتسب رپورٹ پیش

اسلام آباد (خصوصی نیوز رپورٹر) صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی کو وفاقی محتسب کی سال 2022ء کی سالانہ رپورٹ پیش (باقی صفحہ 9 نمبر 45)

### بقیہ 45 وفاقی محتسب

[illegible] 2021ء میں [illegible] شکایات [illegible] 2022ء میں [illegible] شکایات موصول ہوئیں [illegible] 2022ء [illegible] 157770 شکایات [illegible]

ABC CERTIFIED

THE DAILY MUMTAZ RAWALPINDI

روزنامہ ممتاز راولپنڈی

بانی: عبداللہ بٹ

جلد 6 | ہفتہ 18 مارچ 2023ء 25 شعبان المعظم 1444ھ 3 چیت 2079 ب | شمارہ 78



صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی کو وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی سالانہ رپورٹ پیش کر رہے ہیں


## وفاقی محتسب نے 2022 کی رپورٹ صدر کو پیش کر دی

اسلام آباد (آن لائن) صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی کو وفاقی محتسب کی سال 2022ء کی سالانہ رپورٹ (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 24)

بقیہ | رپورٹ پیش | 24

پیش کر دی۔ سالانہ رپورٹ وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے پیش کی۔ وفاقی محتسب کو 2021ء میں 398,110 شکایات کی نسبت 2022ء میں 174,164 شکایات موصول ہوئیں۔ وفاقی محتسب نے 2021ء میں 732,106 شکایات کے مقابلے 2022ء میں 770,157 شکایات کا ازالہ کیا جو کہ 50 فیصد کا اضافہ ہے۔

روزنامہ
بیدار
Daily BAIDAR
گلگت بلتستان
Gilgit Baltistan
www.dailybaidar.com.pk
baidarnews@yahoo.com
جلد 18 | شمارہ 321 | 2023ء | صفحات 04



[illegible]

صدر مملکت [illegible] سے وفاقی محتسب [illegible] سالانہ رپورٹ 2022 پیش کی

[illegible]

[illegible]

ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ کثیر الاشاعت روزنامہ
DAILY FRONTLINE KARACHI
روزنامہ فرنٹ لائن کراچی
چیف ایڈیٹر
محمد عبدالسلام خان
ویب سائٹ www.frontline-news.pk
ای میل frontlinenewspk@gmail.com
جلد نمبر 17 | ہفتہ 18 مارچ 2023ء 25 شعبان المعظم 1444ھ | صفحات 8، قیمت 10 روپے | شمارہ نمبر 103

# وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے سالانہ رپورٹ صدر کو پیش کر دی

## صدر پاکستان نے کھلی کچہریوں اور آئی آر ڈی پروگرام کو مزید وسعت دینے کی ہدایت کی ہے، وفاقی محتسب

### گزشتہ برس کے مقابلے میں کسی اضافی بجٹ اور اسٹاف کے بغیر پچاس فیصد زیادہ شکایات نمٹائی گئیں، اعجاز احمد قریشی



اسلام آباد، وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی سالانہ رپورٹ برائے سال 2022 صدر عارف علوی کو پیش کر رہے ہیں

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے صدر پاکستان ڈاکٹر عارف علوی سے ایوان صدر میں ملاقات کر کے ان کو اپنے ادارے کی سالانہ رپورٹ برائے سال 2022 پیش کر دی ہے۔ وفاقی محتسب نے صدر پاکستان کو سال 2022 کے دوران موصول ہونے والی شکایات، فیصلوں اور اٹھائے گئے اہم اقدامات کے بارے میں بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ اس دوران ایک لاکھ 64 ہزار 174 شکایات موصول ہوئیں اور ایک لاکھ 57 ہزار 770 شکایات کے فیصلے کئے گئے۔ صدر پاکستان سے ملاقات کے بعد وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے بتایا کہ صدر پاکستان نے وفاقی محتسب کے ادارے کی بہترین کارکردگی کو سراہتے ہوئے کھلی کچہریوں اور آئی آر ڈی پروگرام کو مزید وسعت دینے کی ہدایت کی اور وفاقی محتسب کے دائرہ کار کو ملک کے دیگر دور دراز اور کم ترقی یافتہ علاقوں تک پھیلانے کی خواہش کا اظہار کیا اور اس سلسلے میں جدید ٹیکنالوجی اور ابلاغ کے جدید ذرائع کو استعمال کرنے کی ہدایت کی ہے تاکہ زیادہ سے زیادہ لوگ اس ادارے سے استفادہ کر سکیں۔ صدر پاکستان نے وفاقی سرکاری اداروں کی بدانتظامی کے خلاف وفاقی محتسب کے فیصلوں پر عملدرآمد کی صورتحال کو تسلی بخش قرار دیتے ہوئے کہا کہ شکایات کی تعداد میں اضافہ وفاقی محتسب کے ادارے پر عوام کے اعتماد کا مظہر ہے۔ صدر پاکستان نے کہا کہ وفاقی محتسب کے ادارے کے کام میں تیزی سے ہوتے ہوئے اضافے کے پیش نظر اس کے وسائل میں بھی خاطر خواہ اضافے کی ضرورت ہے۔ رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ 70,571 شکایات آن لائن موصول ہوئیں جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ شکایت کنندگان اب جدید ٹیکنالوجی کا بھرپور استعمال کر رہے ہیں۔ وفاقی محتسب نے صدر پاکستان کو بتایا کہ سال 2022 کے دوران اضافی بجٹ اور اسٹاف حاصل کئے بغیر 50 فیصد زیادہ شکایات نمٹائی گئیں جو ہمارے افسران اور اسٹاف کی محنت اور کام سے لگن کا بین ثبوت ہے۔ اسی طرح بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کے مسائل کے حل کے لئے وفاقی محتسب میں قائم کئے گئے شکایات کمشنر سیل کی طرف سے گزشتہ برس 137,423 اوورسیز پاکستانیوں کی شکایات کا ازالہ کیا گیا جو کہ سال 2021 کے مقابلے میں 133% زیادہ ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ تقریباً 3.4 ارب روپے مالیت کے تنازعات وفاقی محتسب کے ذریعے حل کئے گئے جس سے عدالتوں کا بوجھ کم ہوا بصورت دیگر یہ مقدمات بھی عدالتوں میں جانے تھے۔ وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے صدر پاکستان ڈاکٹر عارف علوی کو ان نئے اقدامات کے بارے میں بھی بتایا جو سال 2022 کے دوران اٹھائے گئے جن میں معائنہ ٹیموں کے ذریعے سرکاری اداروں کے دورے، آئی آر ڈی پروگرام کے تحت تنازعات کا غیر رسمی حل، کھلی کچہریوں کا انعقاد اور دو نئے ذیلی دفاتر کا قیام شامل ہیں۔ وفاقی محتسب نے ان اقدامات کے بارے میں بھی صدر پاکستان کو آگاہ کیا جو ملک کے دور دراز اور پسماندہ علاقوں میں بسنے والے شہریوں کی شکایات کے ازالے کے لئے اٹھائے گئے۔ انہوں نے بتایا کہ وفاقی محتسب کے انوسٹی گیشن افسران ملک کے دور دراز علاقوں اور چھوٹے قصبوں میں خود جا کر عام شہریوں کو انصاف فراہم کر رہے ہیں۔ علاوہ ازیں وفاقی حکومت کے 183 اداروں کو وفاقی محتسب کے کمپیوٹرائزڈ نظام کے ساتھ منسلک کیا گیا ہے، یوں اگر کوئی شکایت کسی وفاقی ادارے میں تیس دن کے اندر نہیں نمٹائی جاتی تو وہ ایک خودکار نظام کے تحت وفاقی محتسب کے سسٹم میں منتقل ہو جاتی ہے اور اس پر وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ میں کارروائی شروع ہو جاتی ہے۔ انہوں نے صدر پاکستان کو اپنے 19 علاقائی دفاتر کے بارے میں بھی بتایا جو ہر وقت شکایت کنندگان کی شکایات کے ازالے کے لئے مستعد رہتے ہیں۔

لاہور، گوجرانوالہ، راولپنڈی/اسلام آباد سے بیک وقت شائع ہونے والا قومی اخبار

Daily
SADA-E-WATAN

روزنامہ
صدائے وطن

ایڈیٹر انچیف: شفقت محسن چوہدری

# وفاقی محتسب نے ادارے کی سالانہ رپورٹ صدر مملکت کو پیش کر دی

## وفاقی محتسب اپنی رسائی کو دور دراز علاقوں تک وسعت دے، صدر مملکت

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی نے سرکاری اداروں کی بدانتظامی کے خلاف تیز اور سستے انصاف کی فراہمی میں وفاقی محتسب کے کردار سے عوام کو آگاہ کرنے کے لیے بھرپور مہم چلانے کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ لوگوں کی شکایات کو ان کی دہلیز پر حل کرنے کے سلسلے میں وفاقی محتسب کی استعداد کو بڑھاتے ہوئے ملک کے دور دراز علاقوں تک اس کی رسائی کو وسعت دی جائے، سرکاری اہلکاروں کے ہاتھوں زیادتیوں اور ناانصافیوں کا شکار لوگوں کو فوری ریلیف فراہم کیا جانا چاہیے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے وفاقی محتسب پاکستان اعجاز احمد قریشی سے گفتگو کرتے ہوئے کیا جنہوں نے جمعہ کو یہاں ایوان صدر میں ان سے ملاقات کی اور ادارے کی سالانہ رپورٹ 2022 پیش کی۔ اعجاز احمد قریشی نے صدر مملکت کو سال 2022 کے دوران سرکاری اداروں کی بدانتظامی کے خلاف لوگوں کو انصاف کی فراہمی میں وفاقی محتسب کے کردار اور کامیابیوں کے بارے میں بتایا۔ انہوں بتایا کہ ان کے ادارے کو 2021 میں 110,398 شکایات کے مقابلے میں 2022 میں 164,174 شکایات موصول ہوئیں۔ وفاقی محتسب نے 2021 میں 106,732 شکایات کے مقابلے 2022 میں 157,770 شکایات کا ازالہ کیا جو 50 فیصد زیادہ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ شکایات کی تعداد میں غیر معمولی اضافہ اور مقدمات کو تیزی سے نمٹائے جانے سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ لوگ محتسب کے ادارے پر بھروسہ کرتے ہیں جو انہیں فوری اور سستا انصاف فراہم کر رہا ہے۔ وفاقی محتسب نے اس بات پر روشنی ڈالی کہ اوورسیز پاکستانیوں کی شکایات کے ازالے کے لیے پاکستان کے تمام بین الاقوامی ہوائی اڈوں پر ون ونڈو فیسیلی ٹیشن ڈیسک قائم کیے گئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ 2022 کے دوران حکومت کے متعلقہ اداروں بشمول نادرا، پاسپورٹ آفس، او پی ایف وغیرہ کی جانب سے 137,647 سمندر پار پاکستانیوں کو سہولتیں فراہم کی گئیں۔ انہوں نے کہا کہ وفاقی محتسب نے دور دراز علاقوں میں شکایت کنندگان کو ان کی دہلیز پر فوری ریلیف فراہم کرنے کے سلسلے میں میرپور خاص، خضدار اور سوات کے ساتھ ساتھ سابق قبائلی علاقوں کرم اور جنوبی وزیرستان میں دفاتر قائم کیے ہیں۔ وفاقی محتسب نے صدر مملکت کو تنازعات کے غیر رسمی حل اور کھلی کچہریوں سے متعلق اپنے خصوصی اقدامات سے آگاہ کیا تاکہ عام لوگوں کو بہتر خدمات کی فراہمی کو یقینی بنایا جا سکے۔ انہوں نے مزید کہا کہ جب شکایت کنندگان کی درخواست پر آن لائن شکایات سننے کا اہتمام بھی کیا گیا ہے، جس کے نتیجے میں آن لائن شکایات کی وصولی میں 97 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ محتسب کا ادارہ اپنی رسائی اور استعداد کو مزید بڑھانا چاہتا ہے لیکن اس ضمن میں مالی مشکلات کا سامنا ہے۔ وفاقی محتسب نے صدر مملکت کو یہ بھی بتایا کہ انٹیگریٹڈ کمپلینٹ ریزولوشن ) آئی سی آر ( سسٹم کے تحت، محتسب نے شکایات کو فوری نمٹانے کے لیے وفاقی حکومت کے 183 مختلف اداروں کو منسلک کیا ہے۔ صدر مملکت نے عام آدمی کو فوری اور مفت انصاف فراہم کرنے کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے محتسب سے کہا کہ وہ جدید آئی سی ٹی ٹولز کا استعمال کرتے ہوئے اپنی رسائی میں اضافہ کریں اور میڈیا کے ذریعے اس کے افعال اور خدمات کے بارے میں آگاہی پیدا کریں۔ صدر مملکت نے خدمات کی فراہمی اور ملک میں قانون کی حکمرانی کو بہتر بنانے کے سلسلے میں محتسب کی بہترین کارکردگی کو سراہا۔ انہوں نے وفاقی محتسب کو ادارے کو مزید مضبوط بنانے اور انتظامی احتساب کے ایک اہم ادارے کے طور پر اس کے رتبہ کو بڑھانے میں اپنے مکمل تعاون کا یقین دلایا۔



اسلام آباد، وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی سالانہ رپورٹ صدر پاکستان ڈاکٹر عارف علوی کو پیش کر رہے ہیں